JS BANK

# Spotlight.

Q2/2024




جشن

## پانچ سو ارب ڈپازٹس کا

پلاٹینم بزنس کرنٹ اکاؤنٹ

## مہمات

ٹرپل کراؤن

پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈز

## 2024

## کی کامیابیاں

## چیمپیئنز لیگ

## 2024

پاکستان کا پہلا

## اوپن لوپ ٹرانزٹ

JS BANK

Spotlight.

# جشن
# پانچ سو ارب
# ڈپازٹس کا

آپ کا ڈپازٹ، ہر کھاتہ، ہر ایک خواب جس پر ہم پر بھروسہ کیا گیا ہے
اس شاندار کامیابی میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ ہمارے گاہک ہمارے
سفر کا مرکز ہیں — ایک ایسا سفر جو آپ کے اعتماد اور آپ کے لیے
ہماری خدمات کی نشاندہی کرتا ہے۔




ہم نے حال ہی میں PKR 500 بلین ڈپازٹس کو عبور کر کے ایک تاریخی کامیابی حاصل کی ہے۔
یہ کامیابی غیر معمولی بینکنگ حل فراہم کرنے کے لیے ہماری مسلسل ترقی اور عزم کو نمایاں کرتی ہے۔
سال 2023 میں ڈیجیٹل کسٹمر کی تعداد میں نمایاں اضافہ اور مضبوط مالیاتی کارکردگی نے ہمیں
اس سنگ میل تک پہنچایا ہے۔

# TABLE OF CONTENTS

## مہمات


02 جے ایس پلاٹینم بزنس اکاؤنٹ
03 45 دن کا ڈپازٹ چیلنج
04 ہماری سوشل میڈیا سیکرٹ سوس
05 جے ایس بینک اور رمیز راجہ
05 جے ایس بینک اور واصفہ کمال: فادرز ڈے اور عید کے لیے دلکش کہانیاں


## اقدامات


07 وائز اپ ہر ویلتھ: نوجوان خواتین کو مالی خواندگی کے ساتھ بااختیار بنانا
07 جے ایس بینک نے خواتین فرنٹ لائن اسٹاف کو بااختیار بنانے کے لئے ایک پروگرام آغاز کیا۔
08 جے ایس ہر اپنی پہلی خاتون کینسر مرئضہ کی زندگی کے لئے امید کی کرن
08 دلچسپ لانچ: جے ایس ٹچ لیس بائیو میٹرک ایپ
09 پاکستان کی پائیدار بینکنگ میں ایک نیا معیار
09 ایکسس ایبیلٹی کیریئر فیئر 2024 میں جامع ملازمت
10 پاکستان ہندو کونسل جاب فیئر
10 IBA کے ساتھ ان کے تجرباتی تعلیمی پروگرام کے لیے شراکت داری
11 ہمارے سوشل میڈیا کی خودمختاری
12 اسپرنکلر کا تعارف
12 موو ان مئی چیلنج
13 آگ بجھانے کی تربیت اور انخلاء کی مشق
13 انکلوسیو کرنٹ اکاؤنٹ کا تعارف


## تقریبات


15 چیمپئنز لیگ
16 فارورڈ ٹوگیدر: پی سی بھوربن میں حکمت عملی اور ٹیم بلڈنگ سیشن
17 جے ایس بینک لمیٹڈ اور یو این ڈی پی کی شراکتی تقریب
17 MSME ویک کا جشن
17 وزیرآباد میں ایس ایم ای آگاہی سیشن
18 ہماری اسکردو مہم پر ایک نظر: جشن اور اتحاد کا سفر
18 ثقافتی تبدیلی کا سفر: جے ایس 3x3 اسٹریٹجک لیڈرشپ آف سائٹ کا افتتاح


## کامیابی


20 پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈز میں جے ایس بینک کے لیے ٹرپل کراؤن
20 جے ایس بینک میں متاثر کن سفر: کچن اسٹاف سے لے کر مینجمنٹ تک
21 پی سی آئی ڈی ایس ایس ورژن 4 سرٹیفیکیشن
21 خواتین کے اکاؤنٹس میں 30 ارب سے زیادہ ڈپازٹس


## زندگی


23 زندگی 2.0 کا آغاز
24 زندگی کے ساتھ حج کے تجربے کو ڈیجیٹل بنانا
24 ون نیٹ ورک کے ساتھ زندگی پارٹنرز
25 زندگی اور 5 پلر تکافل: زیارت کو آسان بنانا
25 قربانی کے جانوروں کی خریداری کے لئے ٹرانزیکشن کی آسانی
26 زندگی کے ذریعے پاکستان کا پہلا اوپن لوپ ٹرانزٹ حل
26 زندگی میں مردوں کا دماغی صحت سے متعلق آگاہی کا ہفتہ


## ایڈیٹرز کے تاثرات

ہم آپ کے لیے 2024 کی دوسری سہ ماہی کے لیے سپوٹ لائٹ کا ایک اور ایڈیشن پیش کر رہے ہیں، جو کہ بینک کے لیے بہت کامیاب سہ ماہی تھی۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ نیوز لیٹر سے لطف اندوز ہوں گے اور سال کے دوسرے نصف حصے میں اس ناقابل یقین رفتار کو برقرار رکھیں گے۔


Communications@jsbl.com


ہمیں ای میل کر کے اپنی رائے سے آگاہ کریں۔

ہماری ان یادگار تصانیف سے محظوظ ہوں۔



Usamah Naushad
Manager - Corporate Communications



Salman Awan
Brand Manager

# CAMP
# AIGNS

CAMP
AIGNS

01

JS BANK

Spotlight.

# جے ایس پلاٹینم بزنس اکاؤنٹ
## ایک سے زیادہ شہروں میں کامیابی

ہماری پلاٹینم بزنس کرنٹ اکاؤنٹ کی تشہیر ایک بار پھر سے کی گئی،زیادہ بڑے پیمانے پر اور مزید جدید انداز میں ! ہم نے اپنے متحرک ویڈیو اشتہارات کے ساتھ لنک ڈن ، فیس بُک اور یوٹیوب پرسب کی توجہ کو سمیٹ لیا، جب کہ دلکش سوشل میڈیا پوسٹس ہماری ہما وقت موجودگی کو ظاہر کرتی رہیں۔ ہمارے بل بورڈزنے کراچی، لاہور، اسلام آباد، فیصل آباد، سیالکوٹ اور حیدرآباد کو روشن کیا، اور ڈیجیٹل اسٹریمرز کراچی اور لاہور کی رونق بڑھاتے رہے۔ یہاں تک کہ کراچی کی بسیں بھی ہمارے برانڈ کے رنگ میں رنگ رہی تھیں۔












Tap to Play

JS BANK

# Spotlight.

## 45 دن کا ڈپازٹ چیلنج

45 دن کے ڈپازٹس چیلنج نے جے ایس بینک میں مسابقتی جذبے کو ابھارا! 16 مئی کو عاطف سلیم ملک صاحب اور کاظم رضا صاحب نے اس کا آغاز کیا جس کے بعد ہماری ٹیم نے زیادہ سے زیادہ ڈپازٹس لانے کے لیے کام کرنا شروع کر دیا۔ 45 دنوں تک، ہر محکمے نے ڈپازٹس کی حدود کے دائرے کو مزید وسیع کیا، جس سے اس مہم کو ناقابل یقین کامیابی ملی۔ ہم ہمارے سرشار ملازمین کو ان کی غیر متزلزل عزم کے لیے خراج تحسین پیش کرتے ہیں!

### DEPOSITS RESULTS
### CROWNING THE SIKANDARS!

| | General Manager | Region | Achievement |
|---|---|---|---|
| | Bakhtiar Ali Khan | North Region 3 | 109% |
| | Amina Omer | Central Region 4 | 95% |
| | Muhammad Ali Janjua | South Region 1 | 94% |
| 4 | Amjad Khowaja | South Region 4 | 93% |
| 5 | Salman Salahuddin | Central Region 2 | 91% |
| 6 | Muhammad Sohail Zafar | Central Region 1 | 90% |
| 7 | Farooq Azam Rana | North Region 2 | 87% |
| 8 | Asfandyar Awan | North Region 4 | 84% |
| 9 | Muhammad Yousaf Usman | Central Region 3 | 83% |
| 10 | Adeel Rashdi | South Region 2 | 80% |

| | Cluster Manager | Region | Achievement |
|---|---|---|---|
| | Sajid Mehmood Chaudhary | North Region 3 | 229% |
| | Nasir Abbas | North Region 3 | 141% |
| | Inam Masood | Central Region 4 | 128% |
| 4 | Abdul Mutalib | South Region 1 | 122% |
| 5 | Syed Zeeshan Haider | South Region 4 | 115% |
| 6 | Imtiaz Jamil | South Region 4 | 113% |
| 7 | Fariha Sajid | Central Region 2 | 100% |
| 8 | Rahat Ullah Khan | North Region 4 | 99% |
| 9 | Tahir Jamil | South Region 1 | 98% |
| 10 | Azmat Ali | North Region 2 | 98% |

| | Branch Manager | Region | Achievement |
|---|---|---|---|
| | Sajid Mehmood Chaudhary | North Region 3 | 1118% |
| | Haider Ali | North Region 3 | 744% |
| | Zakir Khan | North Region 4 | 303% |
| 4 | Ashfaque Ahmed Rajput | South Region 4 | 297% |
| 5 | Nasir Abbas | North Region 3 | 196% |
| 6 | Imran Khan | South Region 4 | 194% |
| 7 | Imtiaz Jamil | South Region 4 | 186% |
| 8 | Muhammad Rehan Malik | North Region 1 | 158% |
| 9 | Mehrab Saleem | South Region 1 | 158% |
| 10 | Inam Masood | Central Region 4 | 155% |




Tap to Play




Tap to Play




Tap to Play



JS BANK

Spotlight.


# ہماری سوشل میڈیا سیکرٹ سوس تخلیق، اتحاد، کامیابی


ہم نے انفلوئینسرز کے ساتھ شراکت داری کی، بہترین کانٹینٹ تیار کیا اور لوگوں کے ذریعے اپنی فالوئنگ اور کریڈٹ کارڈ پروموشنز کو ٹارگٹڈ برانڈ کولیبریشنز کے ذریعے بڑھایا۔ جن میں کچھ اہم تعاون مندرجہ ذیل ہیں










- اسامہ ناصر صاحب جے ایس کریڈٹ کارڈز کے لیے
- پتانگیر جے ایس کریڈٹ کارڈز کے لیے
- فریحہ طارق صاحب ٹرائیفٹ جم میں ہمارے ڈسکاؤنٹ آفر کے لیے
- ایمان خان صاحبہ ٹرائیفٹ جم میں ہمارے ڈسکاؤنٹ آفر کے لیے
- ہور مہاویرا صاحبہ جے ایس کریڈٹ کارڈز کے لیے

JS BANK

Spotlight.

## جے ایس بینک اور رمیز راجہ

# ٹی20 ورلڈ کپ 2024 میں گراؤنڈ سے باہر

ہم نے اپنے فالوورز کو ٹی20 ورلڈ کپ 2024 کا خصوصی مواد، تجربہ اور تجزیہ سے آگاہ کرنے کے لیے کرکٹ لیجنڈ رمیز راجہ کے ساتھ شراکت کی۔ اس تعاون نے مصروفیت کو بڑھایا، عزم پیدا کیا، اور کرکٹ کے ساتھ فنانس میں دلچسپی رکھنے والے نئے سامعین تک پہنچنے میں ہماری مدد کی۔




Tap to Play




Tap to Play

## جے ایس بینک اور واصفہ کمال

# فادرز ڈے اور عید کے لیے دلکش کہانیاں

فادرز ڈے اور عیدالاضحی منانے کے لیے، ہم نے معروف پاکستانی انفلوئینسر واصفہ کمال کے ساتھ شراکت کی۔ ان کی دلکش اینی میٹڈ کہانیوں نے نہ صرف سامعین کے دلوں کو جیتا بلکہ اس تقریب کے دوران خاندانوں میں دلی وابستگی اور محبت کو ظاہر کیا۔





Tap to Play

# INITIA
INITIA
# TIVES
TIVES

JS BANK

Spotlight.

### وائز اپ ہر ویلتھ

## نوجوان خواتین کو مالی خواندگی کے ساتھ بااختیار بنانا

اپریل 2024 میں انسپائرنگ وومن پاکستان نے جے ایس بینک کے تعاون سے لاہور کالج برائے خواتین میں 'وائز اپ ہیر ویلتھ' ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس اقدام کا مقصد نوجوان نسل میں مالی خواندگی سے متعلق آگاہی دینا ہے، انہیں پیسے کے سہی استعمال کی اہم مہارتوں سے بااختیار بنانا ہے۔

اس ورکشاپ میں 100 طلباء نے شرکت کی جہاں بجٹ، بچت، سرمایہ کاری، اور مالیاتی مصنوعات جیسے اہم موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔






## جے ایس بینک نے خواتین فرنٹ لائن اسٹاف کو بااختیار بنانے کے لئے ایک پروگرام آغاز کیا

ہم نے ایک ایسے پروگرام کا آغاز کیا ہے جو خواتین فرنٹ لائن عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے وقف ہے، جس میں بات چیت کی مہارت، گرومنگ، اور شخصیت کو نکھارنے پر توجہ دی گئی ہے۔

بیرونی کنسلٹنٹ زینب انصاری کی قیادت میں کراچی میں ایک کامیاب پائلٹ سیشن کے بعد، اب اس پروگرام کو بڑھادیا گیا ہے تاکہ ادارے کی تمام فرنٹ لائن ملازمین کو اس پروگرام میں شامل کیا جاسکے۔



# جے ایس ہر اپنی پہلی خاتون کینسر مریضہ کی زندگی کے لئے امید کی کرن




ہم مالی طور پر با اختیار بنانے سے ایک قدم آگے کی سوچ رکھتے ہیں اور 26 جون کو، ہم نے نہایت مسرت کے ساتھ اپنے جے ایس ہر اکاؤنٹ کے ذریعے پہلی مریضہ نسیم بی بی کو 500,000 روپے کا چیک پیش کیا، جو ایک بہادر بریسٹ کینسر فائٹر ہیں۔

یہ اقدام خواتین کو مشکل ترین حالات میں مدد کرنے کے ہمارے عزم کو واضح کرتا ہے اور یہ بھی ثابت کرتا ہے کہ ہم مالی اور جذباتی طور پر ان کے ساتھ قدم سے قدم ملائے ہوئے ہیں۔






# دلچسپ لانچ جے ایس ٹچ لیس بائیو میٹرک ایپ




ہم اپنی نئی جے ایس ٹچ لیس بائیو میٹرک ایپ کی لانچ کا اعلان کرتے ہوئے بہت پرجوش ہیں، جو تمام برانچز میں صارفین کے تجربے کو ہموار کرنے اور بڑھانے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔ ایپ کو ہمارے سرشار آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے تمام ریلیشن شپ مینیجرز( آر ایمز) اور برانچ منیجرز (بی ایمز ) کے لیے بنائے گئے آلات پر کامیابی کے ساتھ نسب اور انسٹال کر دیا گیا ہے۔

7 مارچ کو ایپ کے رول آؤٹ کے بعد سے، ہمیں اپنی برانچز سے مثبت فیڈ بیک اور کامیاب نتائج موصول ہوئے ہیں۔ جن میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:

- 2,066 کامیاب نتائج: ایپ نے 2,066 کامیاب بایومیٹرک تصدیقوں کی سہولت فراہم کی ہے، جو صارفین کے تعاملات کو پروسیس کرنے میں اپنی کارکردگی اور ان کے اعتماد کو ظاہر کرتی ہے۔
- مستفید شدہ 164 برانچز: کل 164 برانچوں نے ایپ کے کامیاب نفاذ اور استعمال کی اطلاع دی ہے۔




# پاکستان کی پائیدار بینکنگ میں ایک نیا معیار

ہم نے ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے گرین آفس آڈٹ میں %90 اسکور حاصل کیا، جو کہ ماحولیاتی کارکردگی میں بینکنگ سیکٹر کی قیادت کر رہے ہیں۔ یہ کامیابی، پائیداری کے لیے ہماری لگن اور ماحولیاتی اقدامات کو نافذ کرنے میں ہماری ٹیم کی محنت کی عکاسی کرتی ہے۔

# ایکس ایبیلٹی کیریئر فیئر 2024 میں جامع ملازمت

ہم نے حال ہی میں کنیکٹ ہیئر کے زیر اہتمام ایک کیریئر میلے میں شرکت کی، جو کہ معذور افراد (PWD) کو بااختیار بنانے پر مرکوز ایک سماجی بہبود کی تنظیم ہے۔

بطور شراکت دار، ہم نے PWD ملازمت کے متلاشیوں کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہو کر تنوع اور شمولیت کے لیے اپنی وابستگی کا مظاہرہ کیا۔ ملازمت کی کوششوں کے علاوہ، بینک نے افراد کو ان کے پیشہ ورانہ سفر میں بااختیار بنانے کے لیے معاونت اور وسائل کی پیشکش کی۔






# پاکستان ہندو کونسل

## جاب فیئر




تنوع اور شمولیت کے ساتھ اپنے عزم کی حمایت کرنے کے لیے، ہم نے پاکستان ہندو کونسل جاب فیئر میں شرکت کی۔ پاکستان ہندو کونسل (PHC) پاکستان میں ہندو برادری کی نمائندگی کرنے والی ایک ممتاز تنظیم ہے۔

PHC جاب فیئر میں اپنی شرکت کے ذریعے، ہم نے باصلاحیت اور متنوع امیدواروں کے ایک پول سے کامیابی کے ساتھ رابطہ قائم کیا، اپنی ملازمت کے حصول کی کوششوں کو بڑھایا اور کمیونٹی کی شمولیت کے اقدامات کی حمایت کی۔

# IBA کے ساتھ تجرباتی تعلیمی پروگرام کے لیے شراکت داری

انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) کے طلباء نے ہمارے کارپوریٹ بینکنگ گروپ اور انویسٹمنٹ اور ٹرانزیکشنل بینکنگ گروپ کے لیے 4 ماہ کی طویل پروجیکٹ انٹرنشپ پروگرام میں حصہ لیا۔ اس پروگرام کا مقصد طلباء کو عملی منصوبوں میں شامل کر کے ان کو عملی تجربہ فراہم کرنا ہے جس میں اداروں کے لیے حقیقی کاروباری مسائل کو حل کرنا شامل ہے۔







# ہماری ای میل مارکیٹنگ کا ایک نیا دور

ہم نے D-Engage کو متعارف کرایا ہے، جو ہمارا نیا ای میل مارکیٹنگ ٹول ہے۔ یے ہماری مواصلات کی حکمت عملیوں کو بلند کرنے اور رسائی کی کوششوں کو مؤثر طریقے سے ہموار کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔


D-Engage ہمارے ای میل مارکیٹنگ کے اقدامات کو آسان بناتا ہے اور ہدفی مواصلات کو یقینی بناتا ہے۔ اس کی وجہ سے زیادہ لوگ ہماری ای میلز پر کلک کرتے ہیں اور ہماری ای میل مارکیٹنگ کو بہتر بنانے کے لیے ہمیں ڈیٹا بھی فراہم کرتا ہے۔

## اہم خصوصیات

- آسانی سے اور اپنی مرضی کے مطابق مہمات بنائیں
- ڈیموگرافکس کی بنیاد پر مخصوص سامعین کو ہدف بنائیں
- خودکار ورک فلو کے ساتھ عمل کو ہموار کریں
- اوپن ریٹس، کلک تھرو ریٹس، اور تبادلوں کو ٹریک کریں۔



## ہمارے سوشل میڈیا کی خود مختاری اسپر نکلر کا تعارف




ہم اسپر نکلر کے ذریعے اپنی ڈیجیٹل کسٹمر مصروفیت کی حکمت عملی میں ایک اہم اپ گریڈ کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوش ہیں، جس سے ہم اپنے تمام سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو ایک پلیٹ فارم کے ذریعے منظم کرنے کے قابل بناتے ہیں جبکہ کسٹمر کے استفسار کے انتظام، کانٹینٹ کی شیڈولنگ، سماجی وابستگی اور اسٹریٹجک انسائٹس میں کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں۔

### موو ان مئی چیلنج

## جے ایس بینک میں فلاح و بہبود سے جڑا ایک قابل ذکر سفر

ذہنی صحت سے متعلق آگاہی کے مہینے کے حوالے سے، ہم نے اپنی ٹیم میں صحت مند طرز زندگی کی حوصلہ افزائی کے لیے موو ان مئی چیلنج کا آغاز کیا۔ ایک ساتھ، ہم نے 180,000 سے زیادہ فعال منٹوں کے ساتھ اپنے اہداف کو توڑ دیا اور 4 خوش قسمت فاتحین کو سراہا۔ ادارے کے ہر کونے سے جوش و خروش اور شرکت واقعی قابل ستائش اور دل کو چھو لینے والی تھی۔

شرکاء نے مختلف سرگرمیوں جیسے کہ پیدل چلنا، دوڑنا، سائیکل چلانا اور یوگا میں مصروف ہو کر صحت مند طرز زندگی کے لیے اپنے مشترکہ عزم کو ظاہر کیا۔ ہم جے ایس تھرائیو کے سائے تلے اس رفتار کو جاری رکھنے کے لیے پرجوش ہیں ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے سفر کے لیے اپنا تعاون جاری رکھنے کے لیے وقف ہیں۔





# آگ بجھانے کی تربیت اور انخلاء کی مشق

ہمارے سیکورٹی ڈپارٹمنٹ نے برانچ کے عملے کے لیے آگ سے حفاظت کی مکمل تربیت کا انعقاد کیا، جس میں آگ کی اقسام کے حوالے سے موضوعات کا احاطہ کیا گیا اور بجھانے والے آلات کے صحیح استعمال سے آگاہ کیا گیا۔ عملی مظاہروں نے ہنگامی حالات سے تمٹنے کے لئے عملے کی تربیت کو یقینی بنایا۔ مزید برآں، فخری ٹریڈ سینٹر میں آگ سے انخلاء کی کامیاب مشق نے موثر پروٹوکول کی پابندی کا مظاہرہ کیا، جس سے حفاظت کے لیے ہمارے عزم کو تقویت ملی۔






# انکلوسیو کرنٹ اکاؤنٹ کا تعارف

معذور افراد کی مالی ضروریات اور خود مختاری کے لیے ہم پیش کرتے ہیں انکلوسیو کرنٹ اکاؤنٹ۔

ہم اپنے تمام صارفین کو یکساں مواقع فراہم کرنے پر اور شمولیت پر یقین کرتے ہیں۔ ہمارا مقصد ہیں کہ ہر ایک فرد آسانی اور اعتماد کے ساتھ اپنے فیانانسز کو مینیج کر سکے۔

# EVENTS

# چیمپئنز لیگ




چیمپئنز لیگ 2024 کا افتتاح بھوربن میں اسٹریٹیجی آف سائٹ پر کیا گیا، جس کا اس سال کا تھیم "گلیڈی ایٹرز" تھا۔ یہ تھیم پر عزم، اور آج کے مسابقتی مالیاتی منظر نامے میں جیتنے کے لیے ہمارے برانچ کے عملے کے لیے ہار نہ ماننے کے جذبے کی علامت ہے۔

ہم نے نہ صرف اپنی ٹیموں کو چیلنجوں سے نمٹنے کی ترغیب دی بلکہ ان کی پیشہ ورانہ کوششوں میں فتح یاب ہونے کے لیے ہم نے اپنے برانچ لیڈرز کو کاروباری میدان میں اسٹریٹجک سوچ سے لیس ایک فرد میں بدل کر کے گلیڈی ایٹرز کے جذبے کو تقویت بخشی۔

چیمپیئنز لیگ ایک اختراعی اقدام ہے جو ہمارے برانچ نیٹ ورک میں غیر معمولی خدمات کے جذبے کو ابھرانے اور ترقی کو بڑھانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔








## فارورڈ ٹوگیدر

# پی سی بھوربن میں حکمت عملی اور ٹیم بلڈنگ سیشن

بھوربن میں دفتر سے باہر ایک نتیجہ خیز دو روزہ دورے کا لطف اٹھایا۔ ٹیم نے مشترکہ اسٹریٹجک پلاننگ سیشنز کو پُر لطف ٹیم بلڈنگ کی سرگرمیوں کے ساتھ شامل کیا، جس سے اتحاد اور دوستی دونوں کو فروغ ملتا رہے۔ ہم زیر بحث حکمت عملیوں کو نافذ کرنے اور ایک ٹیم کے طور پر آگے بڑھتے رہنے کے لیے پرجوش ہیں









## جے ایس بینک لمیٹڈ اور
# یو این ڈی پی کی شراکتی تقریب






ایک تاریخی تعاون میں، ہم نے پاکستان میں صنفی شمولیت اور موسمی کے ساتھ شراکت کی۔ تعاون کا UNDP کاروبار کی حمایت کے لیے مقصد ایسے کاروباروں کو مالی اور تکنیکی مدد فراہم کرنا ہے جو مثبت سماجی اور SDGs کے ماحولیاتی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ پہلے اقدام میں، ہم نے UNDP اور IBA-CED اختراعی فنانسنگ چیلنج کے انعقاد کے لیے اور SMEs کے ساتھ شراکت داری کی جہاں پاکستان بھر سے 10 پروجیکٹوں نے فنانسنگ کے لیے اپنے بنیادی خیالات پیش کیے تھے۔




# MSME ویک کا جشن

پاکستان کی معیشت کو سنبھالنے والوں کو سراہتے ہوئے، جے ایس بینک نے 27 جون سے شروع ہونے والے MSME ہفتہ کے دوران MSMEs کو اعزاز سے نوازا۔ ہم نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں مرکزی مقام حاصل کیا، ابھرتے ہوئے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو اپنی جامع پیشکشیں پیش کیں۔ یہ تحریک اور اختراع کا ہفتہ تھا، جس نے ملک بھر میں کاروباری ترقی کو فروغ دینے کے لیے ہماری لگن کو اجاگر کیا۔




## وزیر آباد میں
# ایس ایم ای آگاہی سیشن

وزیر آباد میں، ہم نے ایس ایم ای آگاہی سیشن کے لیے اسٹیٹ بینک کے ساتھ فورسز میں شمولیت اختیار کی۔ تاجروں نے دریافت کیا کہ بینکنگ کس طرح ان کے کاروباری خوابوں کو پورا کر سکتی ہے۔

دلچسپ بات چیت اور ماہرانہ بصیرت کے ذریعے، ہم نے خواہشمند کاروباری مالکان کو اس موقع کے لیے بااختیار بنایا، عزائم کو حقیقت میں بدلنے میں بینکوں کے اہم کردار کو ظاہر کیا۔

## ہماری اسکردو مہم پر ایک نظر
## جشن اور اتحاد کا سفر

ہم اس ناقابل یقین سفر کو شیئر کرنے کے لیے پرجوش ہیں جو ہم نے بزنس یونٹ کے طور پر اسکردو تک کیا، یہ سفر ہمارے شاندار مہم کوالیفائرز اور ان لوگوں کے اعزاز کے لیے وقف ہے جنہوں نے ہمارے بینکاشورنس کے کاروبار میں اہم کردار ادا کیا ہے۔





ہمارا ہر دن مہم جوئی اور دوستانہ رویے دونوں سے بھرے ہوئے تھے، ان پرجوش سرگرمیوں میں گھوڑے کی سواری، سینڈ ڈون کی سواری - سرد صحرا سے ATV سفاری، اور سرفرنگا کے ذریعے دیوسائی کی پر سکون دلکش نظاروں تک، جہاں غیر متوقع طور پر موسم گرما کی برف کا سامنا شامل ہے۔

ہم ان تمام لوگوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس سفر کی کامیابی اور ہماری کاروباری یونٹ کی جاری ترقی میں تعاون کیا۔ ہم نے مل کر ایسی یادیں بنائی ہیں جو ہمارے پیشہ ورانہ سفر میں ہمیں متاثر کرتی رہیں گی۔

## جے ایس ثقافتی تبدیلی کا سفر
## 3x3 اسٹریٹجک لیڈرشپ آف سائٹ کا افتتاح








جے ایس بینک میں، ہماری سوچ مل کر بہتر ہونے کی ہے اسی لیے ہم جے ایس کا افتتاح کرنے کے لیے پرجوش ہیں، ایک ایسا پروگرام جو ہمارے لیڈروں کو 3x3 جدید انداز میں تبدیل کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

جے ایس 3x3 ان چیزوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے جو سب سے اہم ہیں: ہماری ٹیم کی اجتماعی صلاحیت کو اجاگر کرنا، انفرادی ٹیلنٹ کو پروان چڑھانا، اور کسٹمر کو غیر معمولی تجربات فراہم کرنا۔ ہم ایک ایسی ثقافت کی تعمیر پر توجہ مرکوز کریں گے جہاں مسلسل بہتری معمول ہو، اور جہاں ہر صارف ہمارے لیے چیمپئن ہو۔

# ACHIEV EMENTS

JS BANK

Spotlight.

# پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈز
## میں جے ایس بینک کے لیے ٹرپل کراؤن




ہمیں یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہمیں اس سال پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈز میں 3 ایوارڈز سے نوازا گیا۔
جے ایس بینک نے اپنی جے ایس ہر مہم کے لیے "بہترین کانٹینٹ کی مارکیٹنگ کا ایوارڈ" جیتا، جب کہ جے ایس انویسٹمنٹ کو ڈیجیٹل انوویشن ایوارڈ سے نوازا گیا۔
مزید برآں، جے ایس بینک کے ڈیجیٹل ونگ زندگی نے بہترین موبائل ایپ کا ایوارڈ جیتا۔

## جے ایس بینک میں متاثر کن سفر
# کچن اسٹاف سے لے کر مینجمنٹ تک

علی نے 2009 میں جے ایس بینک میں شمولیت اختیار کی، ان کی لگن ایک سبق آموز حکایت سے کم نہیں ہے کیونکہ انہوں نے تعلیم کے ساتھ خاندان )بشمول ایک 7 سالہ بیٹی ( کو سنبھالا دیا اور 2023 میں ایف اے کا امتحان پاس کیا جس کی وجہ سے وہ کچن اسٹاف سے یونیورسل ٹیلر میں ترقی کر گئے۔
ان کی پروموشن نے جے ایس بینک کے ہر کسی کو ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کو مضبوط کیا۔



# پی سی آئی ڈی ایس ایس ورژن 4.0 سرٹیفیکیشن

ہم نے باوقار PCI DSS V4.0 سرٹیفیکیشن حاصل کرنے والا پہلا اور واحد مالیاتی ادارہ بن کر ایک اہم سنگ میل عبور کیا۔ یہ ہماری غیر متزلزل وابستگی کو واضح کرتا ہے۔

یہ سیکیورٹی کے اعلیٰ ترین معیارات کے ساتھ کسٹمر کارڈ ڈیٹا کی حفاظت کے لیے ہماری غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ PCI DSS V4.0 ابھرتے ہوئے خطرات سے تحفظ کے لیے بہتر اقدامات متعارف کراتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے کارڈ ادائیگی کے نظام لچکدار، محفوظ اور عالمی بہترین طریقوں کے مطابق ہیں۔










# خواتین کے اکاؤنٹس میں 30 ارب سے زیادہ ڈپازٹس

ہم خواتین صارفین کی جانب سے 30 بلین سے زیادہ ڈپازٹس تک پہنچ گئے، جو خواتین کو مالیاتی طور پر بااختیار بنانے کے لیے ہمارے عزم اور جے ایس بینک پر ان کے اعتماد کا ثبوت ہے۔ ہم اپنے خواتین صارفین کے اعتماد اور تعاون کے لیے ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہمارے تمام سرشار عملے کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی محنت اور لگن سے یہ سنگ میل ممکن ہوا۔





ZIN


# ZIN DIGI

DIGI

22

# زندگی 2.0 فنٹیک کا مستقبل

یہ بڑی تبدیلی زندگی کو مالیاتی انتظامی ایپس میں مضبوطی سے پوزیشن پر لانے کے لیے تیار ہے اور ہماری جگہ کو حتمی طور پر ایک آل-ان-ون ایپ کی تصدیق کرتی ہے۔ یہ نیا انٹرفیس ایک نفیس ڈیزائن پیش کرتا ہے۔ یہ کسٹمر سینٹرک اپروچ بہترین مالیاتی سروسز فراہم کرنے کے ہمارے عزم کا ثبوت ہے۔



## زندگی کے ساتھ حج کے تجربے کو ڈیجیٹل بنانا

زندگی نے حج کی سہولت کو آسانی میں بدلنے کی سوچ کا آغاز کرتے ہوئے پاکستانی شہریوں کے لیے حج کے تجربے کو ڈیجیٹل کیا ہے۔




## ون نیٹ ورک کے ساتھ زندگی کی پارٹنرشپ

زندگی نے M-Tag top-ups کے لیے ون نیٹ ورک کے ساتھ شراکت کی ہے۔ اس تعاون کا مقصد مسافروں کے لیے M-Tag کے ہموار سفر کے تجربے کو بہتر بنانا ہے، جس سے وہ زندگی ایپ سے اپنے M-Tag اکاؤنٹس کو ری چارج کرنے کے علاوہ پہلے سے دستیاب ون نیٹ ورک موبائل ایپ اور دیگر ڈیجیٹل والٹس سے بھی ری چارج کر سکیں۔



## زندگی اور 5 پلر تکافل

# زیارت کو آسان بنائے

زیارت کو آسان بنانا زندگی اور 5 پلر فیملی تکافل نے صارفین کو آسان اقساط پر حج اور عمرہ کے لیے سہولت فراہم کرنے کی خاطر میمورنڈم آف انڈرسٹنڈنگ پر دستخط کیے ہیں۔






## قربانی کے جانوروں کی خریداری کے لئے

# ٹرانزیکشن کی آسانی

زندگی اور SBP ان-ایپ QR کے ذریعے قربانی کے ادائیگیوں کے جانوروں کے ٹرانزیکشن کو آسان بناتے ہیں۔ اس فیچر کو استعمال کرتے ہوئے، زندگی کے صارفین اور کوئی بھی ڈیجیٹل بینکنگ ایپس یا QR والٹس والے زندگی کے ذریعے عید الاضحی 2024 کے دوران پاکستان بھر کی منتخب مویشی منڈیوں میں آسانی اور محفوظ طریقے سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔



## زندگی کے ذریعے
## پاکستان کا پہلا اوپن لوپ ٹرانزٹ






زندگی نے سندہ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی اور ماسٹر کارڈ کے تعاون سے پیپلز بس سروس کے لیے ڈیجیٹل ادائیگی متعارف کرائی۔ یہ اقدام ڈیجیٹلائزیشن اور مالی شمولیت کو آگے بڑھاتا ہے، جو ایک مربوط مستقبل کی راہ ہموار کرتا ہے۔




## زندگی میں مردوں کا دماغی صحت سے
## متعلق آگاہی کا ہفتہ

زندگی میں، ہم نے مردوں کی ذہنی صحت پر خصوصی توجہ دی! بات چیت اور وسائل کے ذریعے، ہم نے ایک معاون ماحول کو فروغ دیا جہاں مرد اپنی فلاح و بہبود کوترجیح دے سکتے ہیں اور اہم معاملات اور مسائل پر بغیر کسی خوف کے گفتگو کر سکتے ہیں۔








JS BANK

SPOTLIGHT 2024 - Q2